Department of Education

اپنا استقبالیه خط موصول کریں اور ایک مائی اسکولز اکاونٹ بنائیں

عزیزی اہلِ خانه،

کیا اس موسمِ سرما میں مڈل اسکول میں درخواست دے رہے ہیں؟ تمام موجودہ پانچویں گریڈ کے پبلک اسکول کے طلبا، بشمول محکمئه تعلیم (DOE) اور چارٹر اسکول کے طلبا کے خاندانوں **کے استقبالیه خطوط اب ڈاک میں ہیں**۔ اس خط میں مڈل اسکول داخلوں کا ایک جائزہ شامل ہے، بشمول که کس طرح ایک اکاونٹ بنائیں اور **MySchools.nyc** استمال کریں، محکمئه تعلیم کی آن لائن ڈائریکٹری اور درخواست دہی کا نظام۔ آپکے بچے کے استقبالیه خط میں مائی اسکولز اکاونٹ بنانے کا منفرد کوڈ شامل ہے۔

مڈل اسکول درخواست کا دورانیه ابھی نہیں کھلا ہے، مگر آپ مائی اسکولز کو استعمال کرتے ہوئے اسکولوں اور دلچسپی کے پروگراموں کو تلاش کر سکتے ہیں؛ جب درخواست کھلے گی، آپ مائی اسکولز اکاونٹ کو درخواست دینے کے بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ درخواست کا دورانیه **26 اکتوبر** کو کھلے گا اور **1 دسمبر** کو بند ہو جائیگا۔

کیا آپ کو اپنا اکاونٹ بنانے میں مدد درکار ہے؟

مائی اسکولز اکاونٹ کیسے بنایا جاتا ہے یا اس تک رسائی کیسے حاصل کی جائے، یه جاننے کے لیے، ہماری وڈیو ٹیوٹوریل ملاحظه کریں جو آپ کی اس عمل میں رہنمائی کرتا ہے۔

کیا مزید معاونت درکار ہے اور / یا آپ کو اپنے استقبالیه خط کی ایک نقل درکار ہے؟

- اپنے بچے کے موجودہ پبلک اسکول مشیر سے بات کریں۔ داخلوں کی پوری کارروائی کے دوران یه آپ کےرابطے کے مرکزی محور ہوں گے۔ آپ کے بچے کا پبلک اسکول آپ کو استقبالیه خط کی ایک نقل فراہم کر سکتا ہے اور آپکا مائی اسکولز اکاونٹ بنانے میں آپکی مدد کر سکتا ہے۔
- اگر آپ کا بچه ایک نجی یا مذہبی اسکول میں جاتا ہے، آپ خاندانی استقبالیه مرکز سے رجوع کرکے ایک اسقبالیه خط کی درخواست کر سکتے ہیں۔

آپ ہماری ویب سائٹ schools.nyc.gov/Middle پر مڈل اسکول داخلوں کے بارے میں مزید جان سکتے ہیں اور ہماری وڈیو پلے لسٹ دیکھ سکتے ہیں۔

نیک تمنائیں،

مڈل اسکول داخله ٹیم، دفتر برائے طالب علم اندراج

کیا یه ای میل آپ کو کسی دوست نے بھیجی تھی؟ ہماری مڈل اسکول داخلوں کی میل فہرست کے لیے **schools.nyc.gov/SignUp** پر سائن اپ کرنا یقینی بنائیں۔

اگر آپ مڈل اسکول کے داخلوں کے بارے میں مستقبل کے پیغامات سے **آن سبسکرائب کرنا چاہتے ہیں** براہِ کرم یہاں کلک کریں۔